Digitized by Khilafat Library Rabwah.

اشاعۃ السنۃ النبویۃ

علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ

نمبر چہارم و پنجم — معہ — جلد چہارم

ضمیمہ متضمن مسائل مذہب محدثین اہل السنۃ

بابت جمادی الاولی والثانیۃ ۹۸ھ مطابق اپریل و مئی ۱۸۸۱ء

شرح قیمت وغیرہ امور متعلقہ رسالہ

درجات و مراتب قیمت: درجہ	مرتبہ	تفصیل خریداران بشرح مراتب	قیمت سالیانہ: بابت رسالہ	بابت ضمیمہ
۱	اخص قیمت	اسلامی ریاستون کے نواب اور رئیس۔	للو عہ	سے
۲	خاص قیمت	گورنمنٹ انگریزی و معزز عہدہ داران گورنمنٹ و عامہ اغنیا و لائبریری و سوسائٹی ہا۔	عہ	سے
۳	عام قیمت	متوسط اہل وسعت	سے	عہ ۸
۴	رعایتی قیمت	کم وسعت جو دس روپیہ ماہوار سے زیادہ آمدنی نہ رکہین اور سالانہ پیشگی داخل کرین۔	سے	۱۲
۵	للاہی قیمت	بیوسعت جو دس روپیہ ماہواری کی آمدنی نہ رکہین مگر علمیت رکہین اور اشاعت کرین۔	ثواب آخرت	دعائے خیر

یہہ ضمیمہ رسالہ سے علیحدہ فروخت نہ ہوگا ہان رسالہ بدون ضمیمہ ملسکیگا۔ اسکی وجہ یہہ ہے کہ ضمیمہ کی بہت باتوں کی تفصیل و دلیل رسالہ مین مندرج ہے لہذا بدون رسالہ ضمیمہ سے مطلب برآری ناظرین ممکن نہیں اور رسالہ کی کوئی بات متعلق ضمیمہ نہین ہے اسلئے رسالہ سے ضمیمہ کار برآری ممکن ہے +

جنکے نام اصل رسالہ یا اسکا ضمیمہ بلا درخواست پہنچے وہ حسب حیثیت خود اسی مہینے سے قیمت واجب الادا تصور فرماوین جس مہینے کا پرچہ وصول پاوین اور جنکو خریداری منظور نہو وہ اصل رسالہ یا صرف اسکا ضمیمہ واپس کردین خط و کتابت متعلق پرچہ راقم کے نام پورے عنوان و نشان مندرجہ ذیل سے ہونا ضرور ہے اور ارسال زر بذریعہ منی آرڈر ڈاک خانہ مناسب ہے +

راقم ابو سعید محمد حسین — لاہور — محلہ سید مٹھہ

ریاض ہند پریس امرتسر میں چھپا

Digitized by Khilafat Library Rabwah.

شکریہ والتماس

مہتمم اُن حضرات معاونین عالی ہمم کا دلسے شکر گزار ہے جنہون نے خود بخود یا اشارہ پرچہ سابق پر زر باقیات یا پیشگی عطا فرمایا ہے اور مہتمم کو مرہون منت کیا ہے اُن حضرات کے مواضع اقامت یہ ہین بنارس - جیلم کمسریٹ - جبلپور - ڈیانوان ضلع پٹنہ - دہاراسیون - رحیم آباد ضلع مظفرپور - راونڈ عدن عرب - کوچی علاقہ ملیبار - کوٹلی - گجرات - لودہیانہ لائبریری - لاہور - میانمیر - مہدانوان ضلع پٹنہ وغیرہ وغیرہ اور جن حضرات نے اِس اشارہ پر توجہ نہین کی اُنکی خدمت مین مکرر التماس کرتا ہے کہ وہ بے اعتنائی کو دور فرماوین اور زر واجب الادا ارسال کرین - انکے مواضع سکونت یہ ہین امرتسر - آری - (یہ حضرات اکتوبر ۱۸۷۹ء سے باقیدار ہین اور باوجود کامل استطاعت کے اور مکرر تقاضون کے توجہ نہین فرماتے) بٹالہ بسروپ پانی پت پیرکوٹ پیٹہانہ ضلع پٹنہ ٹونک یا جے پور (یہ حضرت جون ۷۹ء سے باقیدار ہین اور یہ استطاعت کے ساتھ مولویت بھی رکھتے ہین ان کا لیت ولعل و وعدہ در وعدہ کمال تعجب وافسوس کا محل ہے) جالندہر تحصیل (یہ صاحب ہمارے اخص خواص سے ہین پر اس معاملہ مین معلوم نہین کیا ہو گئی ہین کہ جواب خط بھی نہین دیتے) حیدرآباد دکہن (یہ صاحب جنوری ۱۸۷۹ء سے باقیدار ہین مگر نادہند نہین ہین صرف بے پرواہ ہین توجہ کرین تو دس سال کی قیمت پیشگی دینے مین تامل نہ کرین) دہلی - ڈیرہ دون ضلع سہارنپور ویرہ اسمعیلخان - راولپنڈی روپڑ ضلع انبالہ - سلطانپور - سکہر سیکاکل ضلع گنجام (یہ صاحب مارچ ۸۰ء سے باقیدار ہین پہلے لیت ولعل کرتے رہے اب جواب خط سے ساکت ہو رہے ہین) علی پور عظیم آباد پٹنہ (یہان کے بعض حضرات باوجود کامل وسعت کے شروع ۱۸۸۰ء سے باقیدار چلے آتے ہین اور طلب وتقاضا پر بے اعتنائی کو دور نہین فرماتے) فریدآباد کوٹلہ سلطان کرنول ضلع مدراس لودہیانہ شہر مظفرگڈہ مظفرپور - ماموں کی مٹر - موکل منچن آباد - ہانسی ہوشیارپور - ہوشنگ آباد - وغیرہ وغیرہ -

اطلاع

عدم فرصتی کے سبب آجتک کسی نمبر کا ضمیمہ نہین چہپا - نمبر پانچ کے ساتھ سبہی نمبرون کے ضمیمے چہپینگے جو صاحب ضمیمہ کے طالب ہون وہ قیمت اصل پرچہ کے ساتھ قیمت ضمیمہ بھی ارسال فرماوین اور شرح قیمت ضمیمہ

اشتہار رسالہ مین دیکہ لین

اشتہار رسالہ مین دیکہ لین